سوال

(697) ولیمہ کی دعوت میں کھڑے ہوکر کھانا کھانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل ولیمہ پر کھڑے کھڑے کھانے کا انتظام ہوتا ہے۔ کیا کسی حدیث میں کھڑے ہوکر کھانے پینے کی اجازت ہے ؟ (راجہ عزیز احمد۔ اسلام آباد) (۷ نومبر۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض احادیث میں جواز کا پہلو ہے لیکن اولیٰ یہ ہے کہ بیٹھ کر کھایا پیا جائے۔ امام خطابی اور ابن بطال وغیرہ نے اسی طریقہ کار کو اختیار کیا ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے بھی ''فتح الباری ''میں اسی طریقہ کار کو اختیار کیا ہے۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے بھی ''فتح الباری'' میں اسی طریقہ کو پسند قرار دیا ہے۔ فرماتے ہیں :

'وَہٰذَا أَحسَنُ المَسَالِکِ وَأَسلَمُهَا وَأَبعَدُہَا مِنَ الاِعتِرَاضِ ۔' (فتح الباری : ۱۰/ ۸۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب اللباس : صفحہ:499

محدث فتویٰ